بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ (17) سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنادیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

لَنْ تَنَالُوا 04

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

جملہ حقوق بحق بیت القرآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿ لَنْ تَنَالُوا ﴾ پارہ نمبر 04
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی ، مدثر بن یوسف حجازی حافظ سعید عمران ، قاری مبشر رشید مجاہد
ایڈیشن دوم	جون 2013
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

پبلشر نوٹ

1 ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بیت القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2 "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاءاللہ العزیز۔

محمد مستمر خان

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150 ، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون : 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 115

فیکس: 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 111

ویب سائٹ: www.bait-ul-quran.org

ای میل : Info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔

فون: 042-37320318 فیکس: 042-37239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔

فون: 021-32629724 فیکس: 021-32633887

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریلِ امینؑ کے ذریعے محمد رسولُ اللہ ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتابِ ہدایت ہے جو صاحبِ تقویٰ لوگوں کے لئے تزکیۂ نفس، تمانیتِ قلب اور تطہیرِ دماغ کا فریضہ انجام دیتی ہے۔ قرآن مجید کا دعوٰی ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تا کہ اس میں غور وفکر آسان ہو اور راہِ عمل ایک طالبِ ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسولُ اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علمُ الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم وتدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم و فنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان وعمل کے گل وگلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب وسنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ ودو نہ ہوسکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمۂ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک مؤقر اور مؤثر ادارہ "قرآن کلب" بھی ہے۔ اس ادارے کے روحِ رواں محترم عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں۔ ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔

فہم قرآن اور ترجمۂ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوبِ مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں کے حوالے سے پیش کر کے پھر انہیں رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روزمرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور وفکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

''مصباح القرآن'' ترجمۂ قرآن میں یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالبِ قرآن کو اس کے معانی ومفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ مصباح میں ترجمۂ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں روزمرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔ تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلی روشنائی میں اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ روشنائی سے پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعیّن کر دیئے ہیں۔ تاکہ ایک استاد یا طالبِ قرآن اِن کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، یوں اس صفحے کے مقابل صفحہ پر پھر انہی تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی ''مفتاح'' کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔ میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گرانبار اصطلاحات میں الجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادرعزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ ''مصباح القرآن'' کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردوخواں دنیا میں فہمِ قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامتہ المسلمین میں عمل وتقویٰ اور صلاح وفلاح کا ایک نیا زاویۂ فکر پیدا کرے گی۔ اہلِ خیر سے توقع ہے کہ وہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کے حسنات کو حاصل کریں گے، اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین

پروفیسر عبدالجبار شاکر

ڈائریکٹر بیت الحکمت، لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیرِ اہتمام گلبرگ لاہور میں مجھے قرآن فہمی کی کلاس لینے کا موقع ملا اور وہاں عربی گرامر پڑھانے کی ذمہ داری تفویض کی گئی، پڑھنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، سرکاری محکموں کے آفیسرز، مختلف دفاتر میں کام کرنے والے اور طلبہ شامل تھے، ان میں عمر رسیدہ اصحاب بھی تھے اور نوجوان بھی، میری کوشش ہوتی کہ گرامر کو اس کی پیچیدگیوں سے دور کر کے آسان اور دلچسپ بنا کر پیش کیا جائے، اس کے باوجود لوگ کچھ عرصہ تو باقاعدگی سے حاضر رہتے، لیکن جب مشکل قواعد کا سلسلہ شروع ہوجاتا تو ایک ایک کر کے کم ہونے لگتے، ادھر میری خواہش یہ ہوتی کہ جو شخص قرآن فہمی کیلئے میری کلاس میں آیا ہے وہ کورس مکمل کر کے ہی جائے۔ اس احساس نے مجھے مسلسل غور وفکر کرنے پر مجبور کیئے رکھا کہ قرآن فہمی کا ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ لوگ آخر تک کلاس میں دلچسپی سے شریک رہیں۔

آخر کار اللہ کے فضل وکرم سے مئی 1999ء میں میں نے گرامر کے ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں۔ اکثر الفاظ ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں، اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہونے کی وجہ سے یاد ہوجاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ان تینوں قسموں کے الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقۂ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ آپ جس طریقے سے ہمیں ترجمۂ قرآن پڑھاتے ہیں، اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے، تا کہ وہ عام لوگ بھی اس سے مستفید ہوسکیں جو آپ کی کلاس میں حاضر نہیں ہوسکتے، یا دوسرے شہروں میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اظہار

کیا کہ اس مقصد کیلئے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہوں، چنانچہ میرے اظہار آمادگی پر انہوں نے فوراً ایک کمپیوٹر اور ایک پرنٹر مہیا کر دیا، اس کیلئے ایک کمپوزر کی خدمات بھی حاصل کر لیں اور اپنے آفس میں ایک کمرہ اس کام کیلئے مخصوص کر دیا، اسی دوران قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ''بیت القرآن'' کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے چھپ کر منظرِ عام پر آ چکی ہے، اس کے علاوہ ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا بھی شروع کیا جس میں اِن علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

الحمد للہ اس سلسلے کے چوتھے پارے کا یہ دوسرا ایڈیشن ہے جو آپ کی خدمت میں پیش ہے، اسکی پروف ریڈنگ کے تقریباً آٹھ مراحل طے کئے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔

آئندہ صفحہ پر اس ترجمۂ قرآن "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقے کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

آخر میں استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ اور اس کارِ خیر میں معاونت کرنے والے تمام لوگوں کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے۔ آمین یا رب العالمین۔

عبد الرحمٰن طاہر

فاضل اسلامیہ یونیورسٹی مدینہ منورہ

مبعوث: وزارة الشئون الإسلامية والأوقاف والدّعوة والإرشاد، السعودية

استاذ: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی قائد اعظم کیمپس لاہور، پاکستان

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اردو میں ان کے استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔ ہر سیاہ لفظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت، نیچے دیئے گئے حاشیہ کو ضرور پڑھیں۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ ”مفتاح القرآن“ میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور با محاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اس طرح اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ بریک اپ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات مفتاح القرآن' میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى	ہرگز نہ تم حاصل کرسکو گے نیکی یہاں تک کہ
تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ	تم خرچ (نہ) کرلو اس سے جو تم پسند کرتے ہو
وَ مَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ	اور جو (بھی) تم خرچ کرو گے کوئی چیز
فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿92﴾	تو یقیناً اللہ تعالیٰ اُسے خوب جاننے والا ہے۔ ﴿92﴾
كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	تمام کھانے بنی اسرائیل کے لیے حلال تھے،
اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ	مگر جو خود اسرائیل نے اپنے آپ پر حرام کرلیے تھے
مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ	اس سے قبل کہ اُتاری جاتی تورات،
قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ	(اے نبی ﷺ!) آپ کہہ دیں کہ تم لے آؤ تورات
فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿93﴾	پھر اس کو (میرے سامنے) پڑھو، اگر تم سچے ہو۔ ﴿93﴾
فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ	پھر جو جھوٹ باندھے اللہ تعالیٰ پر
مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ	اس کے بعد تو وہی لوگ
هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿94﴾ ۘ	ہی ظلم کرنے والے ہیں۔ ﴿94﴾

وقفِ جبریل علیہ السلام

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	قَبْلِ : قبل از غذا، چند دن قبل، قبل از وقت۔
تُنْفِقُوْا : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	تُنَزَّلَ : نازل، نزول، شانِ نزول۔
مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، من وعن/ ماحول، ماتحت۔	قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زریں۔
تُحِبُّوْنَ : حُبّ، حبیب، محب، محبت۔	فَاتْلُوْهَآ : تلاوت، وحی متلوّ۔
اِلَّا : الاقلیل، الا ماشاء اللہ، الا یہ کہ۔	افْتَرٰى : افترا پردازی (جھوٹ باندھنا)۔
عَلٰى : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔	الْكَذِبَ : کذاب، تکذیب، کذب بیانی۔
نَفْسِهٖ : نفس، نفسا نفسی، نظامِ تنفس۔	الظّٰلِمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔

لَنۡ	تَنَالُوا	الۡبِرَّ	حَتّٰى	تُنۡفِقُوۡا	مِمَّا ①
ہرگز نہ	تم سب حاصل کرسکو گے	نیکی	یہاں تک	تم سب خرچ (نہ) کرلو	(اس) سے جو

تُحِبُّوۡنَ ؕ	وَمَا	تُنۡفِقُوۡا	مِنۡ شَیۡءٍ	فَاِنَّ اللّٰهَ	بِهٖ
تم سب پسند کرتے ہو	اور جو	تم سب خرچ کرو گے	کسی چیز سے	تو یقیناً اللہ	اس کو

عَلِيۡمٌ (92)	كُلُّ الطَّعَامِ	كَانَ حِلًّا	لِّبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ	اِلَّا مَا
خوب جاننے والا ہے	تمام کھانے	حلال تھے	بنی اسرائیل کے لیے	مگر جو

حَرَّمَ اِسۡرَآءِيۡلُ ②	عَلٰى نَفۡسِهٖ	مِنۡ قَبۡلِ	اَنۡ تُنَزَّلَ	التَّوۡرٰٮةُ ③ ؕ
حرام کرلیا (خود) اسرائیل نے	اپنے آپ پر	(اس) سے قبل	کہ اُتاری جاتی	تورات

قُلۡ	فَاۡتُوۡا ④	بِالتَّوۡرٰٮةِ ③	فَاتۡلُوۡهَاۤ	اِنۡ كُنۡتُمۡ
آپ کہہ دیں کہ	پس تم سب لے آؤ	تورات کو	پھر تم پڑھو اس کو	اگر ہو تم

صٰدِقِيۡنَ (93)	فَمَنِ	افۡتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	الۡكَذِبَ
سب سچے	پھر جو	باندھے	اللہ تعالیٰ پر	جھوٹ

مِنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ ⑤	فَاُولٰۤـئِكَ	هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ⑥ ۘ (94)
اس کے بعد	تو وہی لوگ	ہی سب ظلم کرنے والے ہیں

ضروری وضاحت

①مِمَّا دراصل مِنۡ+مَا کا مجموعہ ہے۔②اِسۡرَآءِيۡلَ حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب ہے۔③ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ فَاۡتُوۡا کا ترجمہ پس تم آؤ ہے، اگر اس کے بعد علامت "ب" ہو تو اس کا ترجمہ پس تم لے آؤ کیا جاتا ہے۔
⑤اگر لفظ بَعۡدِ سے پہلے مِنۡ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑥هُمۡ کے بعد اَلۡ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

الجزء 04
وقف جبریل علیہ السلام

قُلۡ صَدَقَ اللّٰهُ ۛ	(اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!) آپ کہہ دیں اللہ نے سچ کہا ہے،
فَاتَّبِعُوۡا مِلَّةَ اِبۡرٰهِيۡمَ حَنِيۡفًا ؕ	تو تم پیروی کرو ابراہیمؑ کے طریقے کی جو یکسو تھے
وَمَا كَانَ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿95﴾	اور نہیں تھے وہ مشرکوں میں سے۔ ﴿95﴾
اِنَّ اَوَّلَ بَيۡتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ	بیشک پہلا گھر (جو) لوگوں کے لیے بنایا گیا
لَلَّذِىۡ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا	یقیناً وہی ہے جو مکہ میں ہے، وہ برکت دیا گیا ہے
وَّهُدًى لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ۚ ﴿96﴾	اور باعث ہدایت ہے تمام جہان والوں کے لیے ﴿96﴾
فِيۡهِ اٰيٰتٌ ۢ بَيِّنٰتٌ	اس (بیت اللہ) میں کئی کھلی نشانیاں ہیں،
مَّقَامُ اِبۡرٰهِيۡمَ ۚ	(ان میں سے) مقام ابراہیم ہے
وَمَنۡ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ	اور جو داخل ہوا اس میں وہ امن میں ہو گیا
وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الۡبَيۡتِ	اور اللہ کیلئے لوگوں کے ذمے ہے بیت اللہ کا حج کرنا
مَنِ اسۡتَطَاعَ اِلَيۡهِ سَبِيۡلًا ؕ	جو اس کی طرف راستے کی طاقت رکھے۔
وَمَنۡ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ	اور جو نہ مانے تو بیشک اللہ تعالیٰ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَدَقَ	صادق، صداقت، صدق و وفا۔	فِيۡهِ	فی الحال، فی الحقیقت، فی الفور۔
فَاتَّبِعُوۡا	اتباع، تابع فرماں، متبع سنت۔	بَيِّنٰتٌ	بیان، مبینہ، دلیل بین۔
حَنِيۡفًا	دین حنیف (یک طرفہ، یکسو)۔	مَّقَامُ	بلند مقام، مرتبہ و مقام، تاریخی مقامات۔
وُّضِعَ	وضع قطع، موضوع (بناوٹ)۔	حِجُّ	حج، حاجی، حجاج۔
لِلنَّاسِ	لہٰذا، الحمدللہ/عوام الناس، عامۃ الناس۔	اسۡتَطَاعَ	استطاعت (طاقت)۔
هُدًى	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادی کائنات۔	اِلَيۡهِ	مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
لِّلۡعٰلَمِيۡنَ	عالم اسلام، عالم کفر، عالم برزخ۔	سَبِيۡلًا	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

قُلْ ①	صَدَقَ اللّٰهُ قف	فَاتَّبِعُوْا	مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ ②
(اے نبیؐ!) آپ کہہ دیں	اللہ نے سچ کہا ہے	توتم سب پیروی کرو	ابراہیمؑ کے طریقے کی

حَنِيْفًا ط	وَمَا كَانَ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (95)	اِنَّ	اَوَّلَ بَيْتٍ
(جو) یکسو تھے	اور نہیں تھے وہ	مشرکوں میں سے	بیشک	پہلا گھر

وُّضِعَ	لِلنَّاسِ	لَلَّذِيْ	بِبَكَّةَ ②③	مُبٰرَكًا ④
(جو) بنایا گیا	لوگوں کے لیے	یقیناوہی ہے جو	مکہ میں ہے	برکت والا ہے

وَّهُدًى	لِّلْعٰلَمِيْنَ ج (96)	فِيْهِ	اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ ②
اور باعث ہدایت ہے	تمام جہان والوں کے لیے	اس (بیت اللہ) میں	کئی کھلی نشانیاں ہیں

مَّقَامُ ⑤ اِبْرٰهِيْمَ ج	وَمَنْ	دَخَلَهٗ	كَانَ اٰمِنًا ط
(ان میں سے) مقام ابراہیم ہے	اور جو	داخل ہوا اس میں	وہ امن میں ہوگیا

وَلِلّٰهِ	عَلَى النَّاسِ ⑥	حِجُّ الْبَيْتِ	مَنِ اسْتَطَاعَ
اور اللہ کے لیے	لوگوں پر ہے	بیت اللہ کا حج کرنا	جو طاقت رکھے

اِلَيْهِ	سَبِيْلًا ط	وَمَنْ	كَفَرَ	فَاِنَّ	اللّٰهَ
اس کی طرف	راہ	اور جو	نہ مانے	تو بیشک	اللہ تعالیٰ

ضروری وضاحت

① قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق "و" کو گرایا گیا ہے۔② ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ یہ اصل میں مکہ تھا، بعض عرب کے ہاں بکہ استعمال ہوتا تھا اس لیے اللہ نے بکہ استعمال فرمایا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ یہ وہ پتھر ہے جس پر ابراہیم علیہ السلام نے کھڑے ہو کر بیت اللہ کی تعمیر کی تھی۔⑥ اس سے مراد لوگوں کے ذمے ہے۔

غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿97﴾	بے پرواہ ہے تمام جہان والوں سے۔ ﴿97﴾
قُلْ يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ	کہہ دیجیے اے اہل کتاب! تم کیوں انکار کرتے ہو
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَ اللّٰهُ شَهِيْدٌ	اللہ کی آیات کا حالانکہ اللہ گواہ ہے
عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿98﴾	(اُس) پر جو تم کرتے ہو۔ ﴿98﴾
قُلْ يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ	آپ کہہ دیں! اے اہل کتاب کیوں تم روکتے ہو
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ	اللہ کے راستے سے (اُسے) جو ایمان لایا
تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ	(کیا) تم چاہتے ہو اس میں کجی حالانکہ تم (خود) گواہ ہو
وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ	(کہ وہ راہ راست پر ہے) اور اللہ غافل نہیں ہے
عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿99﴾	(اُس) سے جو تم کر رہے ہو۔ ﴿99﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تم مان لوگے
فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ	ایک گروہ (کی بات، اُن لوگوں) میں سے جو
اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ	دیے گئے کتاب وہ لوٹا دیں گے تمہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

غَنِيٌّ : غنی، اغنیا، مستغنی۔

الْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم کفر، عالم برزخ۔

قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔

يٰاَهْلَ : یا اللہ/ اہل محلہ، اہل وعیال۔

تَكْفُرُوْنَ : کفر، کافر، کفار۔

شَهِيْدٌ ، شُهَدَآءُ : شہادت، شاہد، شہید۔

عَمَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔

تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، اعمال صالحہ۔

سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

بِغَافِلٍ : غافل، غفلت۔

اٰمَنُوْۤا : ایمان، مومن، امن۔

تُطِيْعُوْا : اطاعت، مطیع۔

فَرِيْقًا : فریق، تفریق، فرقہ، تفرقہ۔

يَرُدُّوْكُمْ : ردّ، مردود، فتنۂ ارتداد، مرتد۔

غَنِیٌّ	عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿97﴾	قُلْ ①	یٰۤاَھْلَ الْکِتٰبِ	لِمَ
بے پرواہے	تمام جہان والوں سے	آپ کہہ دیں!	اے اہل کتاب!	کیوں

تَکْفُرُوْنَ	بِاٰیٰتِ ② اللّٰہِ ۖ	وَاللّٰہُ	شَھِیْدٌ	عَلٰی مَا	تَعْمَلُوْنَ ﴿98﴾
تم سب انکار کرتے ہو	اللہ کی آیات کا	حالانکہ اللہ	گواہ ہے	(اس) پر جو	تم سب کرتے ہو

قُلْ ①	یٰۤاَھْلَ الْکِتٰبِ	لِمَ	تَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ
آپ کہہ دیں	اے اہل کتاب!	کیوں	تم سب روکتے ہو	اللہ کے راستے سے

مَنْ اٰمَنَ	تَبْغُوْنَھَا	عِوَجًا	وَّاَنْتُمْ	شُھَدَآءُ ؕ
(اسے) جو ایمان لایا	(کیا) تم سب چاہتے ہو اس میں	کجی	حالانکہ تم	(خود) گواہ ہو

وَمَا اللّٰہُ	بِغَافِلٍ ③	عَمَّا ④	تَعْمَلُوْنَ ﴿99﴾	یٰۤاَیُّھَا ⑤	الَّذِیْنَ
اور اللہ نہیں ہے	غافل	(اس) سے جو	تم سب کر رہے ہو	اے	وہ لوگو جو

اٰمَنُوْۤا ⑥	اِنْ	تُطِیْعُوْا	فَرِیْقًا
سب ایمان لائے ہو!	اگر	تم سب مان لوگے	ایک گروہ کی بات

مِّنَ الَّذِیْنَ	اُوْتُوا	الْکِتٰبَ	یَرُدُّوْکُمْ ⑦
ان لوگوں میں سے جن	سب کو دی گئی	کتاب	وہ سب لوٹا دیں گے تمہیں

ضروری وضاحت

① قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق "و" کو گرایا گیا ہے۔ ② ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ علامت بِ سے پہلے اگر مَا آرہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ④ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔ ⑤ یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔ ⑥ اٰمَنُوْا کا ترجمہ وہ ایمان لائے ہے اور اٰمِنُوْا کا ترجمہ تم سب ایمان لاؤ ہوتا ہے۔ ⑦ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔

بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿100﴾	تمہارے ایمان لانے کے بعد کفر کی حالت میں ﴿100﴾
وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ	اور کیسے تم کفر کرو گے حالانکہ تم (وہ ہو کہ)
تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ	تلاوت کی جاتی ہیں تم پر اللہ کی آیات
وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ	اور تم میں اس کا رسول (موجود) ہے۔
وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ	اور جو مضبوطی سے تھام لے گا اللہ (کے دامن) کو
ع 10/10 1 فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿101﴾	تو ضرور اسکو ہدایت مل جائے گی سیدھے راستے تک ﴿101﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ سے (ایسے) ڈرو
حَقَّ تُقٰتِهٖ	(جیسا کہ) اس سے ڈرنے کا حق ہے۔
وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا	اور تمہیں ہرگز موت نہ آئے مگر
وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿102﴾	اس حال میں کہ تم مسلمان ہو۔ ﴿102﴾
وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا	اور تم مضبوطی سے تھام لو اللہ کی رسی کو سب (مل کر)
وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ	اور تفرقے میں نہ پڑو اور اللہ کی نعمت کو یاد کرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِيْمَانِكُمْ ، اٰمَنُوا : ایمان، مومن، امن۔	مُّسْتَقِيْمٍ : استقامت، خط مستقیم۔
كٰفِرِيْنَ ، تَكْفُرُوْنَ : کفر، کافر، کفار۔	اتَّقُوا ، تُقٰتِهٖ : تقویٰ، متقی۔
كَيْفَ : کیفیت، بہر کیف۔	تَمُوْتُنَّ : موت، میت، اموات۔
تُتْلٰى : تلاوت، وحی متلوّ۔	اِلَّا : الاقلیل، الاماشاءاللہ، الا یہ کہ۔
فِيْكُمْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	جَمِيْعًا : جمع، جامع، جماعت، مجموعہ۔
هُدِيَ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔	تَفَرَّقُوْا : فرقہ، تفرقہ، تفریق۔
صِرَاطٍ : پل صراط۔	اذْكُرُوْا : ذکر، ذاکر، مذکورہ، تذکرہ۔

بَعْدَ اِیْمَانِکُمْ	کٰفِرِیْنَ (100)	وَ کَیْفَ	تَکْفُرُوْنَ	وَاَنْتُمْ
تمہارے ایمان لانے کے بعد	سب کو کفر کی حالت میں	اور کیونکر	تم سب کفر کروگے	حالانکہ تم

تُتْلٰی ①	عَلَیْکُمْ	اٰیٰتُ اللّٰہِ ②	وَفِیْکُمْ	رَسُوْلُہٗ ط
تلاوت کی جاتی ہیں	تم پر	اللہ کی آیات	اور تم میں	اسکا رسول (موجود ہے)

وَمَنْ	یَّعْتَصِمْ ③	بِاللّٰہِ	فَقَدْ	ھُدِیَ
اور جو	مضبوطی سے تھام لے گا	اللہ (کے دامن) کو	تو ضرور	اس کو ہدایت مل جائے گی

اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (101) ع	یٰٓاَیُّھَا ④ الَّذِیْنَ	اٰمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰہَ
سیدھے راستے تک	اے وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	اللہ سے (ایسے) ڈرو

حَقَّ تُقٰتِہٖ	وَلَا تَمُوْتُنَّ ⑤	اِلَّا وَاَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ (102)
حق ہے اس سے ڈرنے کا	اور تمہیں ہرگز موت نہ آئے	مگر اس حال میں کہ تم	سب مسلمان ہو

وَ	اعْتَصِمُوْا	بِحَبْلِ اللّٰہِ	جَمِیْعًا
اور	تم سب مضبوطی سے تھام لو	اللہ کی رسی کو	سب (مل کر)

وَّ	لَا تَفَرَّقُوْا ⑥⑦ ص	وَاذْکُرُوْا	نِعْمَتَ اللّٰہِ
اور	تم سب تفرقے میں نہ پڑو	اور تم سب یاد کرو	اللہ کی نعمت کو

10 ع 10 1

ضروری وضاحت

① تـ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے اور علامت تـ پر پیش اور آخر سے پہلے کھڑی زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔② ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ یہاں یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ یا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔⑤ فعل کے آخر میں نّ تاکید کی علامت ہے۔⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑦ یہاں علامت تـ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

عَلَيۡكُمۡ اِذۡ كُنۡتُمۡ اَعۡدَآءً	(جواس نے) تم پر کی جب تم (ایک دوسرے کے) دشمن تھے
فَاَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوۡبِكُمۡ	تو اس نے الفت ڈال دی تمہارے دلوں میں
فَاَصۡبَحۡتُمۡ بِنِعۡمَتِهٖۤ اِخۡوَانًا ۚ	تو تم ہو گئے اُس کی نعمت (مہربانی) سے بھائی بھائی
وَكُنۡتُمۡ عَلٰى شَفَا حُفۡرَةٍ مِّنَ النَّارِ	اور تم (کھڑے) تھے آگ کے گڑھے کے کنارے پر
فَاَنۡقَذَكُمۡ مِّنۡهَا ؕ	تو اس نے بچا لیا تمہیں اس (دوزخ) سے
كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمۡ	اسی طرح اللہ بیان کرتا ہے تمہارے لیے
اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ ﴿103﴾	اپنی آیات تا کہ تم ہدایت پا جاؤ۔ ﴿103﴾
وَلۡتَكُنۡ مِّنۡكُمۡ اُمَّةٌ	اور چاہیے کہ ہو تم میں سے ایک گروہ
يَّدۡعُوۡنَ اِلَى الۡخَيۡرِ	وہ دعوت دیتے ہوں بھلائی کی طرف
وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ	اور وہ حکم دیتے ہوں نیکی کا
وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ ؕ	اور وہ روکتے ہوں برائی سے
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿104﴾	اور وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں۔ ﴿104﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَيۡكُمۡ : علیحدہ، علی الاعلان علی العموم۔	يُبَيِّنُ : بیان، مبینہ طور پر، دلیل بیّن۔
اَعۡدَآءً : عداوت، عدوّ (دشمن)۔	تَهۡتَدُوۡنَ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
فَاَلَّفَ : الفت، تالیف قلب۔	يَّدۡعُوۡنَ : دعا، دعوت، مدعوّ، داعی الی الخیر۔
بَيۡنَ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔	يَاۡمُرُوۡنَ : امر، مامور، امارت، آمر۔
قُلُوۡبِكُمۡ : قلب وجگر، قلبی تعلق، امراض قلب۔	بِالۡمَعۡرُوۡفِ : امر بالمعروف (نیکی)۔
اِخۡوَانًا : اخوت، مواخات (بھائی چارہ)۔	يَنۡهَوۡنَ : نہی عن المنکر (منع کرنا)۔
النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	الۡمُفۡلِحُوۡنَ : فلاح وبہبود، فلاحی ادارے، فلاح دارین۔

عَلَيۡكُمۡ	اِذۡ كُنۡتُمۡ	اَعۡدَآءً	فَاَلَّفَ	بَيۡنَ قُلُوۡبِكُمۡ
(جو اس نے کی) تم پر	جب تم تھے	دشمن	تو اس نے الفت ڈال دی	تمہارے دلوں میں

فَاَصۡبَحۡتُمۡ	بِنِعۡمَتِهٖۤ	اِخۡوَانًا ۚ	وَكُنۡتُمۡ
تو ہو گئے تم	اس کی مہربانی سے	بھائی بھائی	اور تم (کھڑے) تھے

عَلٰى شَفَا حُفۡرَةٍ ①	مِّنَ النَّارِ ②	فَاَنۡقَذَكُمۡ	مِّنۡهَا ؕ
گڑھے کے کنارے پر	آگ کے	تو اس نے بچا لیا تمہیں	اس (دوزخ) سے

كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ ③	لَكُمۡ	اٰيٰتِهٖ ①	لَعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ ④ (103)
اسی طرح	اللہ بیان کرتا ہے	تمہارے لیے	اپنی آیتیں	تاکہ تم سب ہدایت پا جاؤ

وَلۡتَكُنۡ ⑤	مِّنۡكُمۡ	اُمَّةٌ ①⑥	يَّدۡعُوۡنَ	اِلَى الۡخَيۡرِ
اور چاہیے کہ ہو	تم میں سے	ایک گروہ	وہ سب دعوت دیتے ہوں	بھلائی کی طرف

وَ	يَاۡمُرُوۡنَ	بِالۡمَعۡرُوۡفِ ⑦	وَ	يَنۡهَوۡنَ
اور	وہ سب حکم دیتے ہوں	نیکی کا	اور	وہ سب روکتے ہوں

عَنِ الۡمُنۡكَرِ ؕ	وَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ⑧ (104)
برائی سے	اور	وہی لوگ	ہی سب فلاح پانے والے ہیں

ضروری وضاحت

① ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② یہاں مِنۡ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ③ یہاں یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ كُمۡ اور تـ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ⑤ تـ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بوجہ کیا جاتا ہے۔ ⑧ هُمۡ کے بعد الۡ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

وَلَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ	اور تم مت ہو (ان لوگوں) کی طرح جو
تَفَرَّقُوۡا وَاخۡتَلَفُوۡا	فرقوں میں بٹ گئے اور وہ اختلاف کرنے لگے
مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡبَيِّنٰتُ ؕ	اس کے بعد کہ آ گئے ان کے پاس روشن دلائل
وَاُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ۙ﴿105﴾	اور وہی لوگ ہیں کہ انکے لیے بڑا عذاب ہے۔﴿105﴾
يَّوۡمَ تَبۡيَضُّ وُجُوۡهٌ	اس دن روشن ہوں گے کچھ چہرے
وَّتَسۡوَدُّ وُجُوۡهٌ ۚ	اور سیاہ ہوں گے کچھ چہرے
فَاَمَّا الَّذِيۡنَ اسۡوَدَّتۡ وُجُوۡهُهُمۡ ۟	پس رہے وہ لوگ سیاہ ہوں گے جن کے چہرے
اَكَفَرۡتُمۡ	(ان سے کہا جائے گا) کیا تم ہی نے کفر کیا تھا
بَعۡدَ اِيۡمَانِكُمۡ فَذُوۡقُوا الۡعَذَابَ	اپنے ایمان لانے کے بعد، تو مزہ چکھو عذاب کا
بِمَا كُنۡتُمۡ تَكۡفُرُوۡنَ ﴿106﴾	اس وجہ سے جو تم کفر کرتے تھے۔﴿106﴾
وَاَمَّا الَّذِيۡنَ ابۡيَضَّتۡ وُجُوۡهُهُمۡ	اور رہے وہ لوگ روشن ہوں گے جن کے چہرے
فَفِيۡ رَحۡمَةِ اللّٰهِ ؕ	تو (یہ) اللہ کی رحمت میں ہوں گے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	تَبۡيَضُّ، ابۡيَضَّتۡ : ید بیضا، بیاض والاقرآن۔
تَفَرَّقُوۡا : فرق، تفریق، فرقہ، تفرقہ۔	وُجُوۡهٌ، وُجُوۡهُهُمۡ : علی وجہ البصیرت، وجاہت۔
اخۡتَلَفُوۡا : اختلاف، مختلف، اختلافات۔	تَسۡوَدُّ، اسۡوَدَّتۡ : حجراسود، مسودہ (کالا)۔
مِنۡ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	كَفَرۡتُمۡ، تَكۡفُرُوۡنَ : کفر، کافر، کفار۔
الۡبَيِّنٰتُ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	فَذُوۡقُوا : ذائقہ۔
عَظِيۡمٌ : عظمت، تعظیم، معظم۔	فَفِيۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
يَّوۡمَ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم آخرت۔	رَحۡمَةِ : رحمت، رحم، مرحوم، رحیم۔

وَلَا تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	تَفَرَّقُوْا ①	وَاخْتَلَفُوْا
اور تم سب مت ہو	ان لوگوں کی طرح جو	سب بٹ گئے (فرقوں میں)	اور اُن سب نے اختلاف کیا

مِنْۢ بَعْدِ مَا ②	جَآءَهُمُ	الْبَيِّنٰتُ ط ③	وَاُولٰٓئِكَ
اس کے بعد کہ	آ گئے ان کے پاس	روشن دلائل	اور وہی لوگ ہیں کہ

لَهُمْ	عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿105﴾ لا	يَّوْمَ	تَبْيَضُّ ③
اُن کے لیے	بڑا عذاب	اس دن	روشن ہوں گے

وُجُوْهٌ ④	وَّتَسْوَدُّ ③	وُجُوْهٌ ج ④	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اسْوَدَّتْ ③
کچھ چہرے	اور سیاہ ہوں گے	کچھ چہرے	پس رہے	وہ لوگ جن کے	سیاہ ہوں گے

وُجُوْهُهُمْ قف ⑤	اَ	كَفَرْتُمْ	بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ
ان کے چہرے	(ان سے کہا جائے گا) کیا	تم نے کفر کیا تھا	اپنے ایمان لانے کے بعد

فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ⑥ ﴿106﴾	وَاَمَّا
تو تم سب مزہ چکھو	عذاب کا	اس وجہ سے جو	تم تھے سب کفر کرتے	اور رہے

الَّذِيْنَ	ابْيَضَّتْ ③	وُجُوْهُهُمْ ⑤	فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ط ③
وہ لوگ جو	روشن ہوں گے	اُن کے چہرے	پس (یہ) اللہ کی رحمت میں ہوں گے

ضروری وضاحت

① تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ② اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی اور اگر لفظ بَعْدِ کے بعد مَا ہو تو اس کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔ ③ ات، تَ، تْ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کچھ کیا گیا ہے۔ ⑤ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ⑥ تُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿107﴾	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿107﴾
تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا	یہ اللہ کی آیات ہیں (کہ) ہم تلاوت کرتے ہیں انکو
عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ	(جبریلؑ کی زبانی) آپ پر حق کے ساتھ
وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿108﴾	اور اللہ نہیں چاہتا ظلم کرنا جہان والوں پر۔ ﴿108﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	اور اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے
وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ	اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہی کی طرف
تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿109﴾ ع	لوٹائے جاتے ہیں تمام معاملات۔ ﴿109﴾
كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ	ہو تم بہترین اُمت (جسے)
اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ	نکالا (پیدا کیا) گیا ہے لوگوں (کی اصلاح) کے لیے
تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ	(کہ) تم حکم دیتے ہو نیکی کا
وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ	اور تم روکتے ہو برائی سے
وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ	اور تم ایمان لاتے ہو اللہ پر،

ع 11 8 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خٰلِدُوْنَ : خلد بریں، خالد۔
نَتْلُوْهَا : تلاوت، وحی متلوّ۔
يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، معنی مراد۔
لِّلْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم کفر، عالم برزخ۔
مَا، فِي : ماحول، ماجرا، ماتحت/ فی الحال، فی الفور۔
السَّمٰوٰتِ، الْاَرْضِ : کتب سماویہ، ارض وسما، اراضی۔
تُرْجَعُ : رجوع، رجعت پسندی، رجوع الی اللہ۔

الْاُمُوْرُ : امر، آمر، مامور، امارت اسلامی۔
خَيْرَ : خیر، خیریت، خیرات۔
اُخْرِجَتْ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
لِلنَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
تَاْمُرُوْنَ : امر، آمر، مامور، امارتِ اسلامی۔
تَنْهَوْنَ : نہی عن المنکر، نواہی (منع کرنا)۔
تُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مومن، امن۔

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ (107)	تِلْكَ ①	اٰيٰتُ اللّٰهِ ②
وہ سب	اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	یہ	اللہ کی آیات ہیں

نَتْلُوْهَا	عَلَيْكَ	بِالْحَقِّ ؕ	وَمَا	اللّٰهُ
(کہ) ہم تلاوت کرتے ہیں وہ	(جبریلؑ کی زبانی) آپ پر	حق کے ساتھ	اور نہیں	اللہ

يُرِيْدُ ③	ظُلْمًا	لِّلْعٰلَمِيْنَ (108)	وَلِلّٰهِ	مَا
چاہتا	ظلم کرنا	سب جہان والوں پر	اور اللہ ہی کے لیے ہے	جو (کچھ)

فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ ؕ	وَ	اِلَى اللّٰهِ
آسمانوں میں ہے	اور جو (کچھ)	زمین میں ہے	اور	اللہ (ہی) کی طرف

ع 11 8 2

تُرْجَعُ ④	الْاُمُوْرُ (109) ع	كُنْتُمْ	خَيْرَ اُمَّةٍ ②
لوٹائے جاتے ہیں	تمام معاملات	ہو تم	بہترین اُمت

اُخْرِجَتْ ②	لِلنَّاسِ	تَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ ⑤
نکالی گئی	لوگوں (کی اصلاح) کے لیے	(کہ) تم سب حکم دیتے ہو	نیکی کا

وَتَنْهَوْنَ	عَنِ الْمُنْكَرِ	وَ	تُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ ⑤ ؕ
اور تم سب روکتے ہو	برائی سے	اور	تم سب ایمان لاتے ہو	اللہ پر

ضروری وضاحت

①تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے، عموماً بات میں تاکید کا مفہوم شامل کرنے کے لیے ذٰلِكَ، تِلْكَ، اُولٰٓئِكَ استعمال ہوتا ہے۔② ة، ات اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③یہاں يـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④علامت تـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے (عموماً جمع کے ساتھ فعل واحد مؤنث آتا ہے)۔⑤ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بوجہ کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ	اور اگر ایمان لے آتے اہل کتاب
لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ	(تو) یقیناً بہتر ہوتا ان کے لیے
مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ	اُن میں سے کچھ ایمان لے آئے ہیں
وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿110﴾	اور اُن کی اکثریت نافرمان ہی ہے۔ ﴿110﴾
لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ	وہ (یہودی) ہرگز نہیں تمہارا نقصان کر سکتے
اِلَّآ اَذًى ؕ وَاِنْ	سوائے (معمولی) تکلیف کے اور اگر
يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ قف	یہ تم سے لڑیں (تو) تم سے پیٹھ پھیر (کر بھاگ) جائیں گے
ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿111﴾	پھر ان کی مدد بھی نہیں کی جائے گی۔ ﴿111﴾
ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا	مسلط کر دی گئی اُن پر ذلت جہاں بھی
ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ	وہ پائے جائیں مگر پناہ لینے کی وجہ سے اللہ کی
وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ	اور پناہ لینے (کی وجہ سے) لوگوں کی
وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ	اور وہ حقدار بن چکے ہیں اللہ کے غضب کے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنَ، الْمُؤْمِنُوْنَ: ایمان، مومن، امن۔
اَهْلُ : اہل وعیال، اہلیہ۔
خَيْرًا : خیر، خیریت، خیرات۔
اَكْثَرُهُمْ : کثیر، کثرت، اکثر۔
الْفٰسِقُوْنَ : فاسق وفاجر، فسق وفجور (گناہگار)۔
يَّضُرُّوْكُمْ : ضرر، مضر صحت، ضرر رساں۔
اِلَّآ : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔

اَذًى : ایذا، موذی، اذیت ناک۔
يُّقَاتِلُوْكُمْ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
يُنْصَرُوْنَ : نصرت، ناصر، منصور، انصار۔
عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الذِّلَّةُ : ذلت ورسوائی، ذلالت، ذلیل۔
النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
بِغَضَبٍ : غضب، غضبناک۔

وَلَوْ	اٰمَنَ	اَهْلُ الْكِتٰبِ	لَكَانَ	خَيْرًا
اور اگر	ایمان لے آتے	اہل کتاب	(تو) یقیناً ہوتا	بہتر

لَّهُمْ ؕ	مِنْهُمُ	الْمُؤْمِنُوْنَ ①	وَ	اَكْثَرُهُمُ
اُن کے لیے	ان میں سے (کچھ)	ایمان والے ہیں	اور	اُن کی اکثریت

الْفٰسِقُوْنَ (110)	لَنْ	يَّضُرُّوْكُمْ	اِلَّآ اَذًى ؕ
سب نافرمان ہیں	ہرگز نہیں	وہ سب تمہارا نقصان کرسکتے	سوائے (معمولی) تکلیف کے

وَاِنْ	يُّقَاتِلُوْكُمْ ②	يُوَلُّوْكُمُ ②	الْاَدْبَارَ قف	ثُمَّ
اور اگر	وہ سب لڑیں تم سے	(تو) وہ سب بھاگ جائیں گے تم سے	پیٹھ پھیر کر	پھر

لَا يُنْصَرُوْنَ ③ (111)	ضُرِبَتْ ④	عَلَيْهِمُ	الذِّلَّةُ ④	اَيْنَ مَا
وہ سب مدد نہیں کیے جائیں گے	مسلط کردی گئی ہے	ان پر	ذلت	جہاں بھی

ثُقِفُوْٓا	اِلَّا	بِحَبْلٍ ⑤	مِّنَ اللّٰهِ	وَحَبْلٍ ⑤
(یہ) سب پائے جائیں	مگر	پناہ کی وجہ سے	اللہ (کی طرف) سے	اور پناہ (کی وجہ سے)

مِّنَ النَّاسِ	وَبَآءُوْ	بِغَضَبٍ ⑥	مِّنَ اللّٰهِ
لوگوں (کی طرف) سے	اور وہ سب حقدار بن چکے ہیں	غضب میں	اللہ (کی طرف) سے

ضروری وضاحت

① وْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، یہاں اس کے الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں۔② علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہوتو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔③ فعل کے شروع میں "یـ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔④ تْ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ حَبْلٌ کا معنی رسی ہے لیکن یہاں اس سے مراد امان، عہد یا پناہ ہے۔⑥ یہاں علامت بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے۔

وَضُرِبَتۡ عَلَيۡهِمُ الۡمَسۡكَنَةُ ؕ	اور مسلط کر دی گئی ہے اُن پر محتاجی
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَانُوۡا يَكۡفُرُوۡنَ	یہ اس لیے کہ بیشک وہ انکار کرتے تھے
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقۡتُلُوۡنَ الۡاَنۡۢبِيَآءَ	اللہ کی آیات کا اور قتل کرتے تھے انبیاء کو
بِغَيۡرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوۡا	ناحق، یہ اس وجہ سے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے
وَّكَانُوۡا يَعۡتَدُوۡنَ ﴿112﴾ ق	اور حدود سے نکل جاتے تھے۔ ﴿112﴾
لَيۡسُوۡا سَوَآءً ؕ مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ	(یہ) سب ایک جیسے نہیں ہیں (بلکہ) اہل کتاب میں سے
اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ	ایک گروہ (حق پر) قائم رہنے والا ہے
يَّتۡلُوۡنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيۡلِ	وہ اللہ کی آیات پڑھتے ہیں رات کے اوقات میں
وَهُمۡ يَسۡجُدُوۡنَ ﴿113﴾	اس حال میں کہ وہ (اسکے آگے) سجدہ کرتے ہیں ﴿113﴾
يُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ	وہ ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور روز آخرت (پر)
وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ	اور وہ نیکی کا حکم دیتے ہیں
وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ	اور برائی سے روکتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَيۡهِمۡ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الۡمَسۡكَنَةُ : مسکین، مسکینی۔
يَكۡفُرُوۡنَ : کفر، کافر، کفار۔
يَقۡتُلُوۡنَ : قتل، قاتل، قتال۔
بِغَيۡرِ : غیر اللہ، دیار غیر، اغیار۔
عَصَوۡا : عصیان، معصیت، معاصی۔
سَوَآءً : مساوی، مساوات۔

قَآئِمَةٌ : قائم، قیام، مقیم، قائمقام۔
يَتۡلُوۡنَ : تلاوت، وحی متلوّ۔
الَّيۡلِ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
يُؤۡمِنُوۡنَ : ایمان، مومن، امن۔
الۡاٰخِرِ : آخر، آخری، اُخروی زندگی۔
يَاۡمُرُوۡنَ : امر، آمر، مامور، امارت۔
يَنۡهَوۡنَ : نہی عن المنکر، منہیات، نواہی۔

وَضُرِبَتْ ①	عَلَيْهِمُ	الْمَسْكَنَةُ ؕ ②	ذٰلِكَ ③	بِاَنَّهُمْ
اور مسلط کردی گئی ہے	ان پر	محتاجی	یہ	اس وجہ سے ہے کہ بیشک وہ

كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ④	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ②	وَيَقْتُلُوْنَ	الْاَنْۢبِيَآءَ
تھے وہ سب انکار کرتے	اللہ کی آیات کا	اور وہ سب قتل کرتے تھے	انبیاء کو

بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ ⑤	ذٰلِكَ ③ بِمَا ⑥	عَصَوْا	وَّ	كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ④ ق (112)
ناحق	یہ اس وجہ سے تھا کہ	وہ سب نافرمانی کرتے	اور	تھے وہ سب حدود سے نکل جاتے

لَيْسُوْا	سَوَآءً ؕ	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	اُمَّةٌ ②	قَآئِمَةٌ ②
(یہ) سب نہیں ہیں	ایک جیسے	اہل کتاب میں سے	ایک گروہ	قائم رہنے والا ہے

يَّتْلُوْنَ	اٰيٰتِ اللّٰهِ ②	اٰنَآءَ الَّيْلِ	وَ	هُمْ يَسْجُدُوْنَ ⑥ (113)
وہ سب پڑھتے ہیں	اللہ کی آیات	رات کے اوقات میں	اور	وہ سب سجدہ کرتے ہیں

يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ ⑥	وَ	الْيَوْمِ	الْاٰخِرِ	وَ
وہ سب ایمان رکھتے ہیں	اللہ پر	اور	روز	آخرت (پر)	اور

يَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ ⑥	وَيَنْهَوْنَ	عَنِ الْمُنْكَرِ
وہ سب حکم دیتے ہیں	نیکی کا	اور وہ سب روکتے ہیں	برائی سے

ضروری وضاحت

① ضُرِبَتْ کا اصل ترجمہ ماردی گئی ہے، یہاں تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
② ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے اور یہ علامت بات میں زور ڈالنے
کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ④ یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب ہے۔ ⑤ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ بِ کا
ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ⑦ هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ	اور وہ جلدی کرتے ہیں بھلائی کے کاموں میں
وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿114﴾	اور یہی لوگ صالحین میں سے ہیں۔ ﴿114﴾
وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ	اور جو بھلائی کا کام وہ کریں گے
فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ	پس ہرگز نہ کی جائے اس کی ناقدری
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿115﴾	اور اللہ پرہیزگاروں کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿115﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ	ہرگز نہیں فائدہ دیں گے اُن سے اُن کے مال
وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ	اور نہ اُن کی اولاد اللہ (کے عذاب) سے کچھ بھی
وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ	اور یہی لوگ اہل دوزخ ہیں
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿116﴾	(اور) وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿116﴾
مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ	اس کی مثال جو وہ (کافر لوگ) خرچ کرتے ہیں
فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	اس دنیاوی زندگی میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُسَارِعُوْنَ : سرعت، سریع الحرکت۔	شَيْئًا : شے، اشیاء۔
فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	اَصْحٰبُ : صاحب، اصحاب، صحابی، صحابہ کرام۔
الصّٰلِحِيْنَ : عمل صالح، اعمال صالحہ، مصلح۔	النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
مَا : ماحول، ماجرا، ماتحت، ماورائے عدالت۔	خٰلِدُوْنَ : خلد بریں، خالد۔
يُّكْفَرُوْهُ : کفر، کافر، کفار، کفرانِ نعمت۔	يُنْفِقُوْنَ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
عَلِيْمٌ : علم، عالم معلوم، تعلیم، معلومات۔	الْحَيٰوةِ : حیات، حیات جاودانی، احیائے دین۔
بِالْمُتَّقِيْنَ : تقویٰ، متقی۔	الدُّنْيَا : دنیا، دنیاوی زندگی۔

وَ	يُسَارِعُوْنَ	فِي الْخَيْرٰتِ ط	وَاُولٰٓئِكَ ①
اور	وہ سب جلدی کرتے ہیں	بھلائی کے کاموں میں	اور یہی لوگ

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿114﴾	وَمَا	يَفْعَلُوْا	مِنْ خَيْرٍ
صالحین میں سے ہیں	اور جو	وہ سب کام کریں گے	بھلائی سے

فَلَنْ ②	يُّكْفَرُوْهُ ط ③④	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿115﴾
پس ہرگز نہیں	نا قدری کی جائے گی اُسکی	اور اللہ	خوب جاننے والا ہے	پرہیزگاروں کو

اِنَّ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَنْ تُغْنِيَ ②	عَنْهُمْ	اَمْوَالُهُمْ
بیشک وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	ہرگز نہیں ٹال سکیں گے	ان سے	ان کے مال

وَلَآ	اَوْلَادُهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا ط	وَاُولٰٓئِكَ ①
اور نہ	ان کی اولاد	اللہ (کے عذاب) سے	کچھ بھی	اور یہی لوگ

اَصْحٰبُ النَّارِ ج	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ ﴿116﴾
اہل دوزخ ہیں	(اور) وہ سب	اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں

مَثَلُ	مَا	يُنْفِقُوْنَ	فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
(اس کی) مثال	جو	وہ سب خرچ کرتے ہیں	اِس دنیاوی زندگی میں

ضروری وضاحت

① اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے ضرورتاً کبھی یہ لوگ بھی کردیا جاتا ہے، قرآن مجید میں عموماً بات میں زور پیدا کرنے کے لیے اشارہ بعید استعمال ہوتا ہے۔ ② فعل سے پہلے علامت لَنْ ہو تو مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی ہوتی ہے اور ترجمہ ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔ ③ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا الف گر جاتا ہے اور ''وْ'' یہاں کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

كَمَثَلِ رِيۡحٍ فِيۡهَا صِرٌّ	اس ہوا کی مثال ہے (کہ) اس میں سخت سردی ہو
اَصَابَتۡ حَرۡثَ قَوۡمٍ ظَلَمُوۡٓا	وہ جا پہنچے (ایسے) لوگوں کی کھیتی پر (کہ) انہوں نے ظلم کیا ہو
اَنۡفُسَهُمۡ فَاَهۡلَكَتۡهُ ؕ	اپنے آپ پر تو تباہ کر ڈالے وہ اس (کھیتی) کو
وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ	اور اللہ نے ان پر کچھ ظلم نہیں کیا
وَلٰكِنۡ اَنۡفُسَهُمۡ يَظۡلِمُوۡنَ ﴿117﴾	اور لیکن اپنے آپ پر یہ خود ظلم کر رہے ہیں۔ ﴿117﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّخِذُوۡا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! مت بناؤ تم
بِطَانَةً مِّنۡ دُوۡنِكُمۡ	راز دان اپنے سوا کسی (غیر مسلم) کو
لَا يَاۡلُوۡنَكُمۡ خَبَالًا ؕ	نہیں وہ کوتاہی کرتے تمہیں خراب کرنے میں
وَدُّوۡا مَا عَنِتُّمۡ ۚ	وہ تو (وہ کچھ) چاہتے ہیں جس سے تمہیں تکلیف پہنچے
قَدۡ بَدَتِ الۡبَغۡضَآءُ مِنۡ اَفۡوَاهِهِمۡ ۖۚ	یقیناً دشمنی ظاہر ہو چکی ہے ان کے منہ (زبانوں) سے
وَمَا تُخۡفِىۡ صُدُوۡرُهُمۡ	اور جو (کینے) چھپائے ہوئے ہیں ان کے سینے
اَكۡبَرُ ؕ	(وہ اس سے بھی) بہت زیادہ ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَمَثَلِ	کالعدم، کماحقہ/ مثل، مثال، امثلہ۔	تَتَّخِذُوۡا	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
رِيۡحٍ	ریح بادی، درد ریح۔	وَدُّوۡا	محبت ومودت۔
اَصَابَتۡ	مصیبت، مصائب۔	بَدَتِ	بادی النظر (ظاہر)۔
ظَلَمُوۡٓا، ظَلَمَهُمُ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	الۡبَغۡضَآءُ	بغض وعناد، حسد وبغض۔
اَنۡفُسَهُمۡ	نفس، نفسانفسی، نفسانی۔	اَفۡوَاهِهِمۡ	افواہ (چونکہ بات ہر منہ پر ہوتی ہے اسلیے افواہ کہتے ہیں)۔
فَاَهۡلَكَتۡهُ	ہلاکت، ہلاک، مہلک۔	تُخۡفِىۡ	اخفا، مخفی، خفیہ۔
لٰكِنۡ	لیکن۔	صُدُوۡرُهُمۡ	صدر بازار، شرح صدر، شق صدر۔

كَمَثَلِ رِيْحٍ	فِيْهَا	صِرٌّ	اَصَابَتْ ①
ہوا کی مثال کی طرح ہے	(کہ) اس میں	سخت سردی ہو	وہ جا پہنچے

حَرْثَ قَوْمٍ	ظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَاَهْلَكَتْهُ ① ط
(ایسے) لوگوں کی کھیتی پر	(کہ) ان سب نے ظلم کیا	اپنے آپ پر	تو وہ تباہ کرڈالے اُسے

وَمَا	ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ	وَلٰكِنْ	اَنْفُسَهُمْ
اور نہیں	اللہ نے ان پر (کچھ) ظلم کیا	اور لیکن	اپنے آپ پر (خود)

يَظْلِمُوْنَ ﴿117﴾	يٰٓاَيُّهَا ② الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوْا
وہ سب ظلم کررہے ہیں	اے وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو!	مت تم سب بناؤ

بِطَانَةً	مِّنْ دُوْنِكُمْ ③	لَا يَاْلُوْنَكُمْ	خَبَالًا ط
رازدان	اپنے سوا کسی (غیر مسلم) کو	نہیں وہ سب کوتاہی کرتے تمہیں	خراب کرنے میں

وَدُّوْا	مَا عَنِتُّمْ ج	قَدْ بَدَتِ ④	الْبَغْضَآءُ ⑤
وہ سب چاہتے ہیں	(وہ کچھ) جس سے تمہیں تکلیف پہنچے	یقیناً ظاہر ہوچکی ہے	دشمنی

مِنْ اَفْوَاهِهِمْ صلے	وَمَا	تُخْفِيْ ⑥	صُدُوْرُهُمْ	اَكْبَرُ ⑦ ط
ان کے مونہوں سے	اور جو	چھپائے ہوئے ہیں	ان کے سینے	وہ اس سے بھی زیادہ ہیں

ضروری وضاحت

① تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② یا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔③ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔ ⑤ آء واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ تُ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے، اس لیے ترجمہ زیادہ کیا گیا ہے۔

قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ — تحقیق ہم نے بیان کر دی ہیں تمہارے لیے

الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿118﴾ — واضح نشانیاں اگر تم سمجھ بوجھ رکھتے ہو۔ ﴿118﴾

هٰۤاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ — سنو! تم وہ لوگ ہو (کہ) تم دوستی رکھتے ہو اُن سے

وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ — اور وہ دوستی نہیں رکھتے تم سے حالانکہ تم ایمان رکھتے ہو

بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ — ان تمام کتابوں پر اور جب وہ ملتے ہیں تمہیں

قَالُوْۤا اٰمَنَّا ۖۚ — (تو) کہتے ہیں ہم ایمان لائے ہیں

وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا — اور جب وہ علیحدہ ہوتے ہیں (تو) کاٹنے لگتے ہیں

عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ — تم پر (اپنی) انگلیاں غصے سے

قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ — آپ (ان سے) کہہ دیں کہ (جل) مرو اپنے غصے میں

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿119﴾ — بیشک اللہ خوب جاننے والا سینوں والی (بات) کو ﴿119﴾

اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۫ — اگر تمہیں پہنچے کوئی بھلائی (تو) بُری لگتی ہے اُن کو

وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ — اور اگر تمہیں پہنچے کوئی تکلیف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَيَّنَّا : بیان، دلیل بیّن، مبینہ طور پر۔

تَعْقِلُوْنَ : عقل، عاقل، معقول، عقلمند۔

تُحِبُّوْنَهُمْ : حبیب، محبوب، محبت۔

تُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مومن، امن۔

لَقُوْكُمْ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔

خَلَوْا : خلا، خلوت، بیت الخلا۔

الْغَيْظ، بِغَيْظِكُمْ : غیظ و غضب۔

مُوْتُوْا : موت، میت، اموات۔

عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

بِذَاتِ : ذاتی طور پر، ذاتیات۔

الصُّدُوْرِ : شرح صدر، شق صدر، صدر بازار۔

تَمْسَسْكُمْ : مس کرنا (چھونا)۔

تَسُؤْهُمْ، سَيِّئَةٌ : سوئے ادب، علمائے سُوء، سوئے اتفاق۔

تُصِبْكُمْ : مصیبت، مصائب۔

قَدْ بَيَّنَّا	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ ①	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ② ﴿118﴾
تحقیق ہم نے بیان کردی ہیں	تمہارے لیے	واضح نشانیاں	اگر	ہو تم سب سمجھ بوجھ رکھتے

هٰٓاَنْتُمْ ③ اُولَآءِ	تُحِبُّوْنَهُمْ	وَلَا	يُحِبُّوْنَكُمْ
سنو! تم وہ لوگ ہو (کہ)	تم سب دوستی رکھتے ہو اُن سے	اور نہیں	وہ سب دوستی رکھتے تم سے

وَ	تُؤْمِنُوْنَ	بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ج ④	وَاِذَا	لَقُوْكُمْ ⑤
حالانکہ	تم سب ایمان رکھتے ہو	تمام کتابوں پر	اور جب	وہ سب ملیں تمہیں

قَالُوْٓا	اٰمَنَّا صلے ج	وَاِذَا خَلَوْا	عَضُّوْا	عَلَيْكُمُ
سب کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اور جب وہ سب علیحدہ ہوتے ہیں	وہ سب کاٹتے ہیں	تم پر

الْاَنَامِلَ ⑥	مِنَ الْغَيْظِ ط	قُلْ	مُوْتُوْا	بِغَيْظِكُمْ ط
(اپنی) انگلیاں	غصے سے	آپ کہہ دیں کہ	تم سب (جل) مرو	اپنے غصے سے

اِنَّ اللّٰهَ	عَلِيْمٌ م ⑦	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿119﴾	اِنْ	تَمْسَسْكُمْ ①
بیشک اللہ	خوب جاننے والا ہے	دلوں والی (بات) کو	اگر	تمہیں پہنچے

حَسَنَةٌ ①⑧	تَسُؤْهُمْ ز	وَاِنْ	تُصِبْكُمْ ①	سَيِّئَةٌ ①⑧
کوئی بھلائی	(تو) بُری لگتی ہے ان کو	اور اگر	پہنچے تمہیں	کوئی برائی

ضروری وضاحت

①ات ، ت اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②تُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔③ھَا حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو کیا جاتا ہے۔④یہاں ہٖ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑥ اَلْاَنَامِلَ سے انگلیوں کے پورے مراد ہیں۔⑦فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

يَّفۡرَحُوۡا بِهَا ؕ	(تو) خوش ہوتے ہیں اس سے
وَ اِنۡ تَصۡبِرُوۡا وَتَتَّقُوۡا	اور اگر تم صبر کرلو اور تم ڈرتے رہو (اللہ سے تو)
لَا يَضُرُّكُمۡ كَيۡدُهُمۡ شَيۡـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ	تمہارا نہ بگاڑ سکے گی انکی مکاری کچھ بھی بیشک اللہ
بِمَا يَعۡمَلُوۡنَ مُحِيۡطٌ ﴿120﴾ ع 12/11/3	(اس) سے جو یہ کررہے ہیں احاطہ ہوئے ہے ﴿120﴾
وَ اِذۡ غَدَوۡتَ مِنۡ اَهۡلِكَ	اور جب آپ صبح کو نکلے اپنے گھر والوں سے
تُبَوِّئُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	(اور) آپ متعین فرما رہے تھے مومنوں کو
مَقَاعِدَ لِلۡقِتَالِ ؕ	لڑائی کے مورچوں پر
وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ۙ﴿121﴾	اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔﴿121﴾
اِذۡ هَمَّتۡ طَّآئِفَتٰنِ مِنۡكُمۡ	جب آمادہ ہوئے دو گروہ تم میں سے
اَنۡ تَفۡشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ؕ	کہ وہ بزدلی دکھائیں حالانکہ اللہ اُنکا مددگار (موجود) تھا
وَعَلَى اللّٰهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ﴿122﴾	اور اللہ ہی پر پس مومنوں کو توکل کرنا چاہیے۔﴿122﴾
وَلَقَدۡ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدۡرٍ	اور البتہ تحقیق اللہ نے تمہاری مدد کی (جنگ) بدر میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّفۡرَحُوۡا	: فرحت، تفریح۔	الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	: ایمان، مومن، امن۔
تَتَّقُوۡا	: تقویٰ، متقی۔	سَمِيۡعٌ	: سمع، سماعت، محفل سماع۔
يَضُرُّكُمۡ	: ضرر رساں، مضر صحت (نقصان دہ)۔	عَلِيۡمٌ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
شَيۡـًٔا	: شے، اشیا، اشیائے خورد و نوش۔	طَّآئِفَتٰنِ	: طائفہ منصورہ، ثقافتی طائفہ (گروہ)۔
يَعۡمَلُوۡنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل۔	وَلِيُّهُمَا	: ولی، اولیاء، ولایت، ولی کامل۔
مُحِيۡطٌ	: احاطہ، محیط۔	فَلۡيَتَوَكَّلِ	: توکل و بھروسہ، متوکل علی اللہ۔
اَهۡلِكَ	: اہل و عیال، اہلیہ، اہل خانہ۔	نَصَرَكُمۡ	: نصرت، ناصر، انصاری، منصور۔

يَفْرَحُوْا	بِهَا ؕ	وَاِنْ	تَصْبِرُوْا	وَتَتَّقُوْا
وہ سب خوش ہوتے ہیں	اس سے	اور اگر	تم سب صبر کرلو	اور تم سب ڈرتے رہو (اللہ سے)

لَا يَضُرُّكُمْ ①	كَيْدُهُمْ	شَيْـًٔا ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	بِمَا
(تو) نہیں بگاڑ سکے گی تمہارا	ان کی مکاری	کچھ بھی	بیشک اللہ	(اس) سے جو

ع 12 / 11 / 3

يَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطٌ ﴿120﴾ ع	وَاِذْ	غَدَوْتَ	مِنْ اَهْلِكَ
وہ سب کررہے ہیں	احاطہ کیے ہوئے ہے	اور جب	آپ صبح کو نکلے	اپنے گھر والوں سے

تُبَوِّئُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	مَقَاعِدَ	لِلْقِتَالِ ؕ	وَاللّٰهُ
آپ متعین فرمارہے تھے	مومنوں کو	مورچوں پر	لڑائی کے لیے	اور اللہ

سَمِيْعٌ ②	عَلِيْمٌ ② ﴿121﴾ لا	اِذْ	هَمَّتْ ③	طَّآئِفَتٰنِ ④	مِنْكُمْ
خوب سننے والا	خوب جاننے والا ہے	جب	آمادہ ہوئے	دو گروہ	تم میں سے

